جاء الحق وزہق الباطل ان الباطل کان زہوقا

بفضل حکیم بے ہمتا وطبیب یکتا رسالہ مصباح الدجے المسمے

بمنع الغذاء فی الوباء

۱۳۲۴ھ

۱۹۰۵ع

ردّ رسالہ

جواز الغذاء فی الوباء

۱۳۲۴ھ

۱۹۰۵ع

حسب فرمایش عمدة الافاضل جناب مولوی حکیم سید احمد حسین صاحب زید فضلہ

در فخر المطابع واقع لکھنؤ طبع شد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی خرت لعظمتہ اعناق الحامدین۔ وذلت بجبروتہ صولۃ المعاندین
والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ الذین قلعوا السور تہم مواد المکابرین
صلوٰۃً تحمی عن حمیات الیوم الردی والی الصحۃ التامۃ تہدی۔ **امابعد**
کہتا ہے بندۂ عاصی احقر ازلی **مرزا محمد نقی** ابن اکمل افراد اطبا افضل
اصناف حکما مظہر رموز خفی وجلی جناب حکیم **مرزا محمد تقی** صاحب لکھنوی کا ایک
اشتہار ۱۲ جون ۱۹۰۹ء کو جناب حکیم سید امیر حسین صاحب ساکن لکھنؤ
جوہری محلہ نے چھپوایا تھا اُسمین ایک استفسار متعلق بترک غذاے حمای و بادی
درج کیا تھا جسکا خطاب عامہ اطبا کیطرف تھا۔ اُسکا جواب حقیر نے نہایت
مہذب الفاظ مین لکھ کے شائع کیا۔ اُسکا جواب الجواب پھر جناب حکیم صاحب
قبلہ نے نہایت غیظ وغضب سے مع اُن الفاظ واشعار کے جو جادۂ تہذیب سے
خارج ہین اپنی کسر شان و دون مرتبت خیال فرما کے اپنے صاحبزادے
کے نام سے چھپوایا حالانکہ واقفین حال پر یہ امر مخفی و محتجب نہین ہی کہ مجیب
مصنوعی تاری جواب بھی نہین ہو سکتا۔ فضلاً عن اینکون مجیباً للجواب وان
ہذا الشی عجاب۔ بہر تقدیر مجکو اس امر سے بحث نہین کہ وہ جواب کسنے لکھا کیونکہ

ظور اثبات حق ہے نہ مجادلہ ومخاصمہ۔ گو میرا ارادہ جواب لکھنے کا نہ تھا اگر
ض احباب ماہرین فن طب کے اصرار سے مجبوراً لکھنا پڑا۔ اور نام رسالہ کا
نع الغذاء فی حمی الوباء رکھا اگر کوئی خطا ولغزش مجھسے اس تحریر
ن واقع ہوئی ہو تو ماہرین فن کی خدمت مین التماس ہے کہ اُسکو قلم عفو سے
صلاح فرماکے حقیر کو ممنون منت فرمائین۔ رسالہٰذا عرصہ ہوا کہ لکھ گیا تھا
ر نحیف بوجہ کثرت اشغال وقلت فرصت و نیز اکثر بضرورت
الجہ بیرون شہر جانے کے جلد طبع کرانے سے قاصر رہا
ر اس قدر تاخیر ہوئی اولاً استفسار جناب سید صاحب نقل
تا ہون بعدہ اپنے جواب کو جو سابق مین لکھ چکا ہون مجملاً تحریر کرونگا پھر
جوع طرف جواب الجواب کے لفظ الجواب سے انشاء اللہ کرونگا۔

نقل عبارت استفسار

ن نہایت متحیر ہون کہ ترک غذا جسکو اصطلاحاً تلطیف بالغ کہتے ہین دس
ں اور بارہ بارہ بلکہ پندرہ پندرہ اور بیس بیس روز اور اس سے بھی زائد کرانا
ت مین کس قاعدے سے ہے۔ سوائے اس امر کے کہ شیخ نے لکھا ہے
و لاتقاضی القوۃ لکان الاوجب ان تلطف الغذاء ابلغ تلطیف) پس
قول مقید ہے اپنی مابعد سے اور وہ یہ ہے لکن القوۃ لاتحتمل ذلک وتجوز
ذا خارت لم ینفع علاج۔ پس یہ صاف دلالت کرتا ہے اس امر پر کہ
ت متحمل ابلغ تلطیف کی نہین ہوسکتی اور جو قاعدہ کہ واسطے تغذیہ کے
رض حاد جداً مین شیخ نے بیان کیا ہے وہ بعینہ واسطے زیادتی توضیح
ے نقل کیا جاتا ہے وہو ہذا فیجب ان تنظر فان کانت العلۃ حادۃ جداً

وذلک ان یکون منتہاہا قریباً وحدست ان القوۃ لاتخور فی ہذہ المدۃ مابین ابتدائہا الی منتہاہا خففت الشغل علی القوۃ وسلطہا علی المادۃ ولم تشغلہا بالغذاء الکثیر بل لطفت التدبیر ولو بترک الطعام اصلا۔

جو جواب مینے اِس استفسار کا سابقاً لکھا تھا اُسمین یہ امر تحریر کیا تھا کہ حمای وبائی امراض حادہ جدا سے نہین ہے بلکہ مطلق امراض حادہ سے ہے پس یہ قول شیخ کا (واکثر ما یتکلف فی تقلیل الغذاء ومنعہ ہو فی علاج الامراض الحادۃ مطلقا) مذکور ہے۔ اِس قاعدے سے حمای وبائی مین ترک غذا کراتے ہین جس زمانے تک کہ مناسب سمجھتے ہین۔ اور دوسرے یہ قول شیخ کا جو حمای وبائی کے علاج مین مذکور ہے جملۃ علاجہم التخفیف وذلک بالفصد والاسہال اور اسہال نہین کرانا چاہیے مگر بعد نضج اخلاط اور نضج اخلاط کیواسطے ترک غذا ضروری ہی جیساکہ شیخ نے کلیات مین لکھا ہے انما یمنع الغذاء عند ارادۃ الطبیب شغل الطبیعۃ بنضج الاخلاط اور یہ بھی مینے تحریر کیا تھا کہ چونکہ یہ مرض منجملہ امراض سمیہ ہے پس سمیت اسکی ضرور تمام رطوبات بدن اور اخلاط مین ساری ہوگی لہذا اِس حالت مین اگر غذا دیجائے گی تو یہ غذا مستحیل طرف طبیعت سمیہ کے ہوکر باعث ازدیاد سمیت و موجب ہلاکت مریض ہوگی۔ اب عبارت جواب الجواب ملاحظہ ہو۔

جواب الجواب

عنوان تحریر جواب سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپنے بالکل تحریر مستفسر کی طرف التفات نہین کیا مقصود محض دریافت کرنا اُس قاعدے کا ہے جس سے دس دس اور انتہا یہ کہ بیس بیس روز اور اِس سے بھی زائد جیساکہ فی زمانتا

کیا جاتا ہے حکم ترک غذا کا نکلے۔

الجواب

تلطیف بالغ پانچ یا سات یا دس یوم یا اس سے زائد یا کم کرانا امراض
ذی مادہ مین جب تک کہ نقاء عن المادہ نہو جائز ہے جیسا کہ میرے پہلے
کلام سے ثابت ہوا اور نیز اس کلام سے کہ جسکو مزید توضیح کے واسطے
ذکر کرتا ہون کما قال ابن عباس المجوسی فے کامل الصناعۃ۔ واما التقدیر
الغذاء بحسب مایعرض للمریض من الاسباب المانعۃ من تناول الغذاء
فینبغی ان ینظر فان کان فے معدۃ المریض فضلۃ من الغذاء۔ او فی امعائہ
شئی من اثقال الغذاء فینبغی ان لایغذی شئی البتۃ الا ان ینقی معدۃ ویخرج
الاثقال من امعائہ وکذلک متی کان العلیل محتاجاً الی استفراغ بدواء
مسہل او بحقنۃ او بشافۃ او بفصد او بغیر ذلک فینبغی ان لایعطی الغذاء
الا بعد ان یستفرغ البدن وینقی۔ اب فرمائیے کہ حمای وبائی امراض ذی
مادہ سے ہے یا نہین اور اسمین تنقیہ بالمسہل یا بالحقنہ یا بالفصد کی حاجت
ہوتی ہے یا نہین۔ اسمین تو کوئی شک نہین ہے کہ حمای وبائی امراض ذی
مادہ سے ہے حیث قال صاحب مختار ابن الجبل الحمی الوبائیۃ ہذہ الحمی
اذا حدثت عمت خلقاً کثیرا وسببہا تغیر وتن یحصل فے الہواء فیستنشقہ
الانسان فیحمی قلبہ ویعفن الخلط الذی فے تجویفہ وینتشر من الشرائین الی
سائر الاعضاء فیحمیہا ویحدث حمے ردیۃ خبیثۃ تسمے الوبائیۃ۔ وقال صاحب
شرح الاسباب بعد تعریف الوباء فاذا تعفن الہواء عفن الاخلاط لاختلاط
تلک الاجزاء العفنیۃ معہا لما تضعف القویٰ مما یرد علیہا من الامر الغریب

السمی فتعجز عن التصرف فی الرطوبات وحمایتہا عن الحرارۃ الغریبۃ وابتداء
اولا بتعفن الخلط المحصور فی القلب لانہ اقرب الیہ وصولا منہ الی غیرہ
لانہ ملاقیۃ اولا بالنفس وہو علی سورتہ البردیۃ لم ینکسر منہا شئی فیکون تاثیرہ
فیہ وفیما فیہ اقوی مما فی غیرہ حیث یصل الیہ بعد ما انکسرت سورتہ واذا
تعفن ذلک الخلط تحرک بسبب الحرارۃ الغریبۃ وانتشر فی البدن کلہ
بواسطۃ الشرائین فتعفن الاخلاط الموجودۃ فیہ ۔ وقال صاحب غایۃ الفہوم
بعد تعریف الوباء ولابدان یصل الہواء الی القلب ونواحیہ عند الاستنشاق
فیخالط تلک الاجزاء الروح ویفعل فیہ ما کانت یفعلہ فی الہواء الخارجی
فیسخن لامحالۃ ویلزمہ تسخن الاخلاط وتعفنہا فتحدث الحمیات الوبائیۃ۔ اسمین
بھی کوئی شک نہین کہ اسمین تنقیہ بالمسہل یا بالفصد کی ضرورت ہوتی ہے
کما قال سعید ابن ہبۃ اللہ فی کتابہ علاج الحمی الوبائیۃ یکون باستفراغ
البدن انکان الدم غالبا فبالفصد وان کان لبعض الاخلاط الاخر ظاہرۃ
فبالتنقیۃ۔ وقال ملا نفیس وعلاجہا الفصد انکان الدم غالبا والاستفراغ
ان کان الاخری غالبۃ وذلک لتخفیف البدن وقال صاحب مختار
بن الحبل واما علاج من وقع فی ہذہ الحمی فالفصد والاسہال واخراج
الفضل العفن۔ وقال الشیخ فی الحمیات وجملۃ علاجہم التخفیف وذلک
بالفصد والاسہال ویجب ان یبادر فیہا الی الاستفراغ فان کانت
المادۃ الغالبۃ دمویۃ فصدوا وانکانت اخلاط اخری فاستفرغوا۔ جب یہ
دونون امر ثابت ہوگئے تو یہ جاننا چاہیے کہ نقاعۃ المادہ موقوف ہے زیادتی
وکمی مادہ اور شدت ردائیت وآمادگی مادہ اور قوت قوت وضعف
قوت پر پس جسقدر کہ مادہ زائد یا شدید الردائیت یا غیر قابل الدفع ہوگا اور

قوت بمقابل اُسکے کم ہوگی اُسی قدر نقا دیر مین ہوگا اور جسقدر کہ قوت قوی ہوگی اور مادہ قلیل ہوگا یا مستعد للدفع ہوگا اُسی قدر نقا جلد ہوگا اب جناب سید صاحب ارشاد فرمائیے کہ یہ امر ثابت ہوا یا نہین کہ جبتک نقا نہو غذا نہ دیجائے پس اگر نقا مادہ سے چار روز مین ہوجائے اُسوقت غذا دیجائے اور اگر سات روز مین ہو اُسوقت غذا دیجائے اور اگر دس روز مین ہو جب غذا دیجائے یہانتک کہ جب طبیب عاقل کے نزدیک نقاعن المادہ ہو غذا دیجائے کچھ قید چار یوم یا دس یوم یا اس سے کم و زائد کی نہین ہے اور یہی معمول ہے وہذا ہو الحق الصریح شاید آپ کی نظر ان مقامات تک نہین پہونچی یا آپ کو کوئی کتاب سوائے حمیات کے دستیاب نہین ہوئی ورنہ آپ یہ استفسار ایسے دعوے کے ساتھ نہ کرتے اور کبھی مصداق اس شعر کے نہوتے ؎

آنکس کہ نداند و بداند کہ بداند ✤ درجہل مرکب ابدالدہر بماند۔

یہ امر ملحوظ خاطر رہے کہ ہمارا کلام جو کچھ سابقا ہوا یا اس رسالہ مین مذکور ہے متعلق ترک غذا کے یہ سب قوۃ قوۃ کی حالت مین ہے کما قال الشیخ واعلم انہ ربما کانت الحمی من الشدۃ والحدۃ بحیث لا ترخص فی تدبیر السبب بل تقتضی التبرید البالغ فان وجدتہا مقاومۃ صابرۃ قطعت السبب و دبرت الخلط وقطعت الغذاء ولم تبرد تبریدا یمنع التحلل وان وجدت القوۃ قاصرۃ اشتغلت بتعدیل المزاج المضاد لہا فبردتہ ونعشت القوۃ بالغذاء۔

جواب الجواب

اور غرض تحریر اس قاعدے سے (لولا تقاضی القوۃ الخ) محض دکھانا اس بات کا تھا کہ اگر آپ یہ فرمائین کہ حمای وبائی امراض حادہ جدا سے ہے

پس اسمین اس قاعدے سے حکم ترک غذا کا دیتے ہین پس یہ قاعدہ اگر حکم دیتا ہے تو محض چار روز کے لیے بشرطہا وشروطہا کہ جسکی طرف اشارہ استفسار مین بھی کیا گیا ہے وہو ہذا (اور اگر بالفرض یہی مقصود ہے تو منتہیٰ یہ کہ چار روز الخ) نہ یہ کہ جس زمانے تک کہ چاہین جیسا کہ آپنے خیال کیا ہی۔

الجواب

افسوس ہے کہ جناب شوق تحریر جواب مین بغیر سمجھے جو چاہتے ہین تحریر فرماتے ہین کیونکہ ہو قابلیت اسیکا نام ہی کہ جو ذہن مین آیا لکھدیا خیراب بعمق نظر سے ملاحظہ فرمائیے کہ یہ قول شیخ کا (لولا تقاضی القوۃ الخ) صاف صاف مطلقاً مذکور ہے۔ خاص کسی مرض کے متعلق نہین ہے جسکے آپ خود بھی قائل ہین پھر آپ کا یہ فرمانا کہ یہ قاعدہ اگر حکم دیتا ہے تو محض چار روز کے لیے کیونکر صحیح ہو سکتا ہی اور کس لفظ سے اس قول کے نکلتا ہے کہ یہ قاعدہ اگر حکم منع غذا کا کرتا ہے تو چار یوم کے لیے بلکہ اس قول کے بعد جو قول مذکور ہے (فیجب ان ینظر فان کانت العلۃ حادۃ جداً) یہ متعلق امراض حادہ جدا کے ہے اور یہ حکم ترک غذا کا چار روز کے لیے دیتا ہے نہ قول مذکورۂ بالا بلکہ اگر یہ قاعدہ حکم ترک غذا کا دیتا ہے تو مطلقاً دیتا ہے کسی زمانے کی قید اس قول سے ظاہر نہین ہوتی یہ تو ارشاد ہو کیا کوئی حاشیہ قلمی شیخ کا آپکو ملگیا کہ جسمین اُسنے اس امر کی توضیح کی ہی کہ یہ قاعدہ ہما با وجود مطلق مذکور ہونیکے صرف چار یوم کیلیے ترک غذا کا حکم دیتا ہی۔

جواب الجواب

جاننا اس بات کا کہ یہ علت کس قسم مین اقسام امراض حادہ سے ہے کبھی

وقوف ہوتا ہے جاننے پر نوع مرض کے اور نوع مرض کی شناخت
کے دو طریقے ہین اول یہ کہ موضع مرض شدید اللطافتہ ہو مثل روح
کے اور ظاہر ہے کہ قیام مرض ایسے مقام پر عرصے تک نہین رہ سکتا
ال یتحلل اما قبل فساد منہ سریعًا للطافتہ فصح واما ان یفعل المرض فیہ
علا شدیدا فیہلک اور حمای وبائی مین موضع مرض روح کا ہونا مع
خلاط کی تعریف سے اسکے ظاہر حیث قال الحمیات الوبائیۃ حمیات
ختلفۃ متشبثۃ بالارواح ثم بالاخلاط بسبب فساد یعم الہواء

الجواب

اسمین کلام نہین کہ نوع مرض کی شناخت کے دو طریقے ہین اول یہ کہ
وضع مرض شدید اللطافتہ ہو مثل روح کے دوسرے یہ کہ مرض شدید
الردائت ہو اس حیثیت سے کہ نہ صبر کرین قوی اُسکے مقاسات
پر زمانۂ طویل تک پس یا یہ کہ طبیعت علت کو مقہور کردیگی جلدی اور
فع کردیگی یا خود مرض سے مقہور ہوجائیگی اور مریض ہلاک ہوجائیگا
ہان کلام اسمین ضرور ہے کہ حمای وبائی مین موضع مرض ارواح و
اخلاط دونون ہین یا فقط ارواح ہین یا فقط اخلاط ہین اور اگر ارواح
و اخلاط دونون ہین تو ایک بالذات اور دوسرا بالعرض یا دونون
بالذات ہین یا دونون بالعرض ہین پس اگر یہ کہا جائے کہ حمای وبائی مین
موضع مرض ارواح واخلاط دونون ہین تو ان صورتون مذکورۂ سابق
سے خارج نہو گا کہ یا علاقہ حمای وبائی کا ارواح و اخلاط دونون سے
بالذات ہوگا یا دونون سے بالعرض ہوگا یا ارواح سے بالعرض اور

اخلاط سے بالذات یا اسکا عکس اب اگر یہ کہا جائے کہ علاقہ حمای وبائی کا ارواح
واخلاط دونون سے بالذات ہی تو حمای وبائی حمیات مرکبہ سے ہوجائیگی اور
حمای وبائی کے حمیات مرکبہ سے ہونیکا کوئی قائل نہین بلکہ صاحب غایۃ المفہوم
نے حمای وبائی کے متعلق لکھدیا ہی لیست ہی قسماً آخرمن الحمیات بل المحرقۃ والمطبقۃ
اذا احدثت عن فساد الهوا سمیت بهذا الاسم ویفرد لها باب لاانجباب بالبعض التدابیر سے
یہ صاف ظاہر ہے کہ حمیات وبائیہ حمیات مرکبہ سے نہین ہین بلکہ محرقہ مطبقہ سے ہین
اور محرقہ ومطبقہ حمیات بسیط سے ہین۔ اور اگر یہ کہا جائے کہ علاقہ حمای وبائی کا اول و
بالذات ارواح سے ہی تو حمای وبائی حمیات یوم سے قرار پائیگی اور اگر یہ کہا جائے کہ
علاقہ حمای وبائی کا ارواح واخلاط دونون سے بالعرض ہی تو اسوقت اسکی ضرورت
ہوگی کہ علاقہ اولی دریافت کیا جائے اور علاقہ اسکا یا ارواح سے ہوگا یا اخلاط سے یا
اعضا سے ارواح واخلاط سے تو فرض ہی نہین کرسکتے والا خلاف مفروض لازم
آئیگا اب رہگئے اعضا پس اگر حمای وبائی کا علاقہ اولی اعضا سے ہوگا تو حمای وبائی
حمیات دقیہ سے قرار پائیگی۔ پھر یہ تعریف جو صاحب بحر الجواہر نے لکھی ہی الحمیات
الوبائیۃ حمیات مختلفۃ متشبثۃ بالارواح ثم بالاخلاط اسکا کیا مطلب ہی اسکا
مطلب وہ نہین ہے جو جناب نے خیال فرمایا ہے کہ حمیات وبائیہ کا تشبث اولی
ارواح سے ہوتا ہی پھر اخلاط سے (اسواسطے کہ شیخ نے تشبث اولی کے یہ معنے
لکھے ہین وهو الذی اذا طفی هو برد ما یجاوره واذا برد ما یجاوره لم یجب ان یطفا
هو بل یمکن ان یبقی وان یعود فیسخن ما یجاوره) کیونکہ اگر حمیات وبائیہ کا تشبث
باین معنی ارواح سے ہو تو چاہیے کہ بعد اطفاء اخلاط اشتعال ارواح باقی رہے
اور حمای وبائی حمیات یوم سے شمار کیجائے کما ذکرنا فاذ ذلک مردود۔ اور
اگر آپ (متشبثۃ بالارواح) مین تشبث سے تشبث اولی نہین مراد لیتے ہین

بلکہ حمیات خلطیہ وغیرہ مین جیسا تشبث حرارت غریبہ کا ارواح سے ہوجایا
کرتا ہے اور ارواح مشتعل ہوجاتے ہین (کما قال والتکان الا الارواح ہی اشتعلۃ
فی الجمیع) مراد لیتے ہین تو پھر آپکا یہ فرمانا کہ حمای وبائی مین موضع مرض ارواح و
اخلاط دونون ہین. صحیح نہوگا بلکہ موضع مرض حقیقتاً اخلاط ہونگے پس مطلب
الحمیات الوبائیۃ الخ کا یہ ہے کہ پہلے تعلق وتشبث (نہ تشبث اولی بمعنی اصطلاحی)
حمیات وبائیہ کا ارواح سے ہوتا ہی بوجہ اسکے کہ ارواح شدید اللطافۃ اور سریع
الانفعال ہین بالنسبۃ اخلاط کے اور بعد اسکے تشبث اولیٰ اور اشتعال اولی اخلاط مین
ہوتا ہی اور قطع نظر ان سب امور کے اگر ہم یہ بھی فرض کرلین کہ حمای وبائی مین
موضع مرض ارواح واخلاط دونون ہین تو یہ بھی آپکے اثبات مدعا مین کام نہ آئیگا
کیونکہ آپ اس امر کو ثابت کرتے ہین کہ حمای وبائی مین موضع مرض شدید اللطافۃ ہی
اور جب ارواح واخلاط دونون موضع مرض ہونگے تو پھر موضع مرض شدید اللطافۃ
کہان رہیگا. جناب سید صاحب ع حلوا خوردن را روے باید۔

جواب الجواب

اور اسمین بھی شبہہ نہین کہ فعل مرض کا اسمین فعل شدید ہی جو (فی الاکثر مہلکۃ لفساد القلب
یتتابع ورود السبب و ہو الہواء عند التنفس فظاہر ان استعداد المحموم للتاثر عنہ اکثر من الصحیح لانہ
یحدث فی الاصحاء حمی فکیف بہ فیزداد کل وقت زیادۃ کثیرۃ الی ان ینتہی الی الہلاک) سے
کسیطرح پوشیدہ نہین. اب یہ ارشاد ہو کہ حمیات یومیہ بسبب اسکے کہ موضع مرض اسمین روح ہی
اقصر مدہ مین اور حمیات سے ہوگئین جیسا کہ کہا گیا ہی ومن ہہنا کانت حمیات الیوم قصیرۃ المدۃ
حالانکہ اسمین اعراض شدیدہ ایسے نہین پائے جاتے تو کیا حمیات وبائیہ باوجود اشد و اصعب
ہونے اعراض کے روا ہی کہ جسکی مقاسات قوت پر عسیر اقصر مدہ مین اور حمیات عفنیہ سے بھی نہونگی

الجواب

واضح رہے کہ حمیات یوم حمیات حادہ سے نہین ہین کما قال الشیخ وصاحب
الغایۃ الفہوم وقد تقسم الحمیات من جہۃ اخر فیقال ان من الحمیات ماہی
قریبۃ المنتہی قصیرۃ المدد ذوات خطر وتسمے حمیات حادۃ ومنہا ماھی
قصیرۃ المدد ولکنا غیر ذوات خطر واسمہا غیر حادۃ کالحمی الیومیہ پھر آپ بار
بار لفظ حماے یوم کیون استعمال فرماتے ہین بظاہر آپ کا ارادہ یہ معلوم
ہوتا ہے کہ حمیات یوم کو بھی شریک حمیات حادہ کرکے اپنا مطلب
حاصل کرلین پہلے تو یہ خیال فرمائیے کہ ہمارے آپکے کلام حماے وبائی
مین ہے اور وہ حمیات حادہ سے ہے اور حماے یوم مبحوث عنہ سے
خارج ہے اور یہ عبارت شیخ کی ومن ہہنا کانت حمیات الیوم قصیرۃ
المدد متعلق حمیات یوم کے ہے کہ جسکو خود شان عبارت بتا رہی ہے
اور مطلب اسکا یہ ہے کہ حمیات یوم بوجہ اسکے کہ انکا علاقہ اولی ارواح
سے ہوتا ہے اور ارواح شدیدۃ اللطافۃ ہین پس بقا انکا زمانہ کثیر
تک نہین ہو سکتا بلکہ مدت قصیرہ مین منقطع ہو جاتے ہین بشرطیکہ تعلق
انکا اخلاط سے نہو جائے اس باعث سے نہین قصیر المدد ہوتے کہ شدید
الرداءۃ یا ذوات خطر ہون بخلاف حمیات وبائی کے کہ انکا تشبث
اخلاط سے ہوتا ہے اور یہ ذوات خطر ہین علاوہ ازین حمیات وبائیہ
کا کل اقسام حمیات خلطیہ سے قصیر المدد ہونا کہان ثابت ہوتا ہے
اسلیے کہ اوپر اسکا ذکر ہو چکا ہے کہ حماے وبائی اور کسی حمی کی قسم نہین ہے
بلکہ محرقہ ومطبقہ سے ہے اور حمیات محرقہ ومطبقہ کا شمار حادہ مطلقا سے
ہے نہ حادہ جدا سے اور حادہ جدا کا مرتبہ حاد مطلقا کے فوق ہے اور آپ
فرماتے ہین کہ حمیات وبائی اور حمیات عفنیہ سے قصیر المدد ہون گے

ببین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا۔

جواب الجواب

دوسرے علت کا شدید الرداءۃ ہونا بحیث لا تصبر القوی علی مقاساتہا زمانا طویلا پس اب دو حال سے خالی نہین یا یہ کہ قوت غالب آئیگی اور مرض کو بسرعت دفع کر دے گی اور یا مرض غالب ہوگا اور مریض ہلاک ہوجائے گا۔ اور علت کا شدید الرداءۃ ہونا ان حمیات وبائیہ مین خود آپکے قول سے (کہ منجملہ امراض سمیہ ہے) اور اقوال ذیل سے پوشیدہ نہین ہے۔ اول (لان الفساد العارض فے الحمیات الوباء انما یکون فی القلب و نواحیہ و اذا عرض ذلک ضعف القوی وکان معظم آثار ہذہ الحمی و قوتہا فی الباطن) دوم (فانہا مہلکۃ بسرعۃ یدہش الاطباء فے امرہا لان الوانہم وسحناتہم وحدیثہم و قوۃ حرکاتہم کما کان فے حال الصحۃ الا نبضہم فانہ یسقط واما موتہم فلان القلب یشتد بہ الفساد حتی انہ یموت قبل ان یصل الآفۃ الی الارواح فے الاعضاء) سوم (لان القلب یفسد قبل اندفاع آثار الحرارۃ الظاہرۃ وقبل الاحساس بالکرب ولذلک یکون موت ہولاء سریعاً) چہارم (وسقوط شہوۃ ان لم یقاد مہا بالاکل صبراً اہلکہ وذلک الہلاک لضعف القوی واحتیاجہم الی الغذاء اکثر) پنجم (لاجل العفن الذی فے القلب ونواحیہ) ششم (لشدۃ التسخن بالقلب والروح وضعف القوۃ عن الوفاء بالمقصود بسرعۃ)

الجواب

اسمین شک نہین کہ ان عبارات کے جمع کرنے مین آپ نے بہت

بڑی کوشش کی مگر یہ نہ لحاظ فرمایا کہ یہ عبارات کچھ ہمارے اثبات مدعا
مین بھی کام آسکتی ہین یا نہین آپ تو اس امر کے مدعی ہین کہ حمای وبائی
امراض حادہ جداً سے ہے اور جملہ اقسام حمیات خلطیہ سے شدید الحرارت
والردائت ہے اور زمانہ اسکے مقاسات کا بہت کم ہو آگے آپ
اسکو صراحتاً لکھدینگے یہ امور ان عبارات سے کسی طرح ثابت نہین
ہوتے کہ حمای وبائی حادہ جدا سے ہے اور جملہ اقسام حمیات خلطیہ سے
شدید الردائت ہو حادہ فی الغایۃ القصوی کو ملاحظہ کیجیے کہ اسکا بحران
کب ہوتا ہے کما قال قبلہا فی الحدۃ الحادۃ فی الغایۃ القصوی وہی
لا تتجاوز بحرانہا الرابع اور اگر بالفرض حادہ جدا ہونا ثابت بھی ہو جائے
تو یہ کب ثابت ہوتا ہے کہ جملہ اقسام خلطیہ سے جلد منقضی ہو جاتی ہے
اور ردایۃ سب سے زائد ہے ۔

جواب الجواب

اور یہ بھی جاننا ضرور ہے کہ شدّت اعراض منتہاے مرض کو قریب
کر دیتی ہے اور جس مرض مین دوسرے مرض سے اعراض مین شدّت
وصعوبت ہوگی یہ مرض بہ نسبت اُسکے جسمین اعراض شدّت مین کم ہو
اقصر مدت مین ہوگا جیسا کہ کہا گیا ہے ولما کانت المحرقۃ اشد اعراضا
من الغب وجب ان یکون اقصر مدۃ منہ ۔ پس اب کیا حمای وبائی باوجود
اشد واصعب ہونے کے اعراضا و مقاما حمای محرقہ سے اقصر مدت مین نہو

الجواب

اور یہ بھی جاننا ضرور ہے (کہ شدت اعراض الخ) یہ قول اگر مطلق

دیکھا جائے جیساکہ آپنے تحریر کیا ہے توبالکل ہی غلط ہے اسلیے کہ شدت
عراض جیسے غب مین پائی جاتی ہے ویسی حمای یوم مین نہین پائی جاتی
تو شدت اعراض کو چاہیے کہ غب کو قصیر المدت کردے باعتبار حمای
یوم کے حالانکہ ایسا نہین ہے اور اگر بنظر خصوص یہ قول آپکا دیکھا جائے
تو محض حمای خلطیہ مین بنے گا پس شدت اعراض جو حمای وبائی مین
پائی جاتی ہے تو یہ حمای وبائی کو کس حد تک قصیر المدت کردیتی ہے آیا
اِس حد تک کہ حمای محرقہ سے بھی قصیر المدت ہو جائے یا اِس قدر
قصیر المدت کردیتی ہے کہ مدت حمای وبائی کی حمای محرقہ سے تجاوز
نہین کرتی اگر مانا جائے کہ شدت اعراض حمای وبائی کو اِس حد تک
قصیر المدت کردیتی ہے کہ اقصر مدت مین حمای محرقہ سے ہو جائے
تو یہ کلام صاحب غایۃ الفہوم کا لیست ھی قسما آخر من الحمیات الخ
غلط ہو جائے گا اور اگر یہ مانا جائے کہ شدت اعراض حمای وبائی کو حد
محرقہ ومطبقہ سے نہین نکالتی ہے تو اِسقدر سعی بیکار ہے اسلیے کہ زمانہ
حمای وبائی کا مثل زمانہ حمای محرقہ کے ہونا ہمارے مقصود کے مضر
نہین اسلیے کہ محرقہ ومطبقہ حاد جداً سے نہین ہو بلکہ حاد مطلقا سے ہے۔

جواب الجواب

تو ارشاد ہو کہ ان حمیات مین جو فی زماننا پائی جاتی ہین عروض د
مور ورم زیر بغل یا پس گوش یا کش ران کہ جسکو عوام گلٹی کہتے ہین۔
اکثر الی یوم الرابع اور نادر الی یوم السابع ہو جاتا ہے کیا یہ ورم علامت
بحران انتقالی کے ہوگا کیونکہ ایسے امراض کا بحران تام جید ہو نہین سکتا

الا نادر (کما قال الشیخ واعلم ان الحمیات الحادة المهلکة قلما یتخلص الا
بزمانة عضو) فان الطبیعة تعجز عن دفع جمیع مادة الحمیات المهلکات دفعاً
تاماً لاجل شدة اضرارها بها فلذلک یکون فی اکثر الامر انتقالیاً الی المفاصل -

الجواب

جاننا چاہیے کہ علامات بحران انتقالی بالخراج کے کیا ہین - اور آجکل
جو گلٹی لوگون کے کبھی قبل از بخار اور کبھی حال بخار مین پس گوش یا بن ران
وغیرہ مین نکلتی ہے یہ بطور بحران انتقالی بالخراج کے ہے یا نہین اگر ہے
تو طاعون سے یا مثل اور اورام کے اور حمای وبائی اور طاعون مین کونسی
نسبت ہے - علامات بحران انتقالی بالخراج کے چند ہین حیث قال
فی علامات البحران الخراجی اذا کانت القوة صحیحة والعلامات جیدة و
دامت رقة البول زماناً طویلاً فذلک ما ینذر بالخراج وحیث یکون المرض
من مادة فیها حرارة وکذلک اذا قبل العلیل من غیر بحران ظاہر بل علے
سبیل انتقال ثم رایت شریانی الصدغ شدیدی الانبساط
کثیری الضربان لا یہدان وتر اللون خاملاً والنفس متواتراً وربما رایت
سعالاً یابساً من بہ ذلک (ای المجموع من العلامات) فہو متعرض لخراج
فی مفاصلہ - یہ گلٹی جو آجکل نکلتی ہے کبھی قبل بخار اور کبھی بعد بخار یہ طاعون
ہے مطلقاً جس طرح کہ بحران انتقالی بالورم ہوا کرتا ہے ویسا نہین ہے گو اس
امر مین شک نہین کہ کبھی بحران انتقالی بالخراج الطاعون بھی ہوتا ہے
کما قال فان الخراجات التی تکون بہا البحارین تکون من اصناف شتی مثل
دمامیل ودبیلات وطواعین (وذلک اذا کان اندفاعہا الی اللحوم الرخوة)

وتملۃ ونار فارسیۃ وآکلۃ وجدری وخوانیق وقروح تکثر فی البدن لیکن
آپ کے عنوان تحریر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ گلٹی جو
حمیات وبائیہ مین مقامات مذکورہ پر نکلتی ہے یہ طاعون نہین ہے
بلکہ مثل معمولی خراجات کے ہی ہان اگر یہ فرماتے کہ جو گلٹی حمیات وبائیہ
مین نکلتی ہے گیا یہ انتقال بحرانی بالطاعون نہین ہی تو ہمکو کچھ بحث نہوتی
اسواسطے کہ یہ گلٹی جو مقامات معلومہ پر نکلتی ہے جسکو آپ فرماتے ہین کہ
یہ بحران انتقالی کی قسم سے ہی بھلا یہ تو فرمائیے کہ یہ مطلقا کیونکر درست ہو سکتا
ہی اسلیے کہ دیکھا گیا ہے کہ کبھی گلٹی قبل نکل آتی ہے اور پھر حمای وبائی پائی جاتی
ہے اور کبھی گلٹی بخار کے ساتھ ہی نکلتی ہے یعنی جسروز بخار آتا ہے اُسی
روز نکل آتی ہے پھر فرمائیے کہ بحران انتقالی کہین ایسا بھی ہوتا ہے
اور حمای وبائی وطاعون مین تلازم من جہتہ ہے جیسا کہ کہا گیا ہے والحمی
الوبائیۃ لازم للطاعون اور بعض کہتے ہین کہ درمیان وبا اور طاعون کے
نسبت تلازم کی ہے اکثر امر مین کما قال ویطلقا علے الوباء لتلازم الحاصل
بینہما غالبا والا فیہما عموم وخصوص وجہیان آخر عبارت (والا فیہما عموم و
خصوص الخ) سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ہر ایک حمای وبائی وطاعون سے بغیر
دوسرے کے بھی پایا جا سکتا ہے جیسا کہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ قبل گلٹی نکلتی
ہی اور وہ علامات پائے جاتے ہین کہ جو طاعون مین ہونا چاہیے اور پھر
حمای وبائی لاحق ہوتی ہے اور یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ صرف گلٹی ہی نکلی اور
مریض ہلاک ہو گیا یا اچھا ہو گیا اور کبھی یہ دیکھا گیا ہے کہ محض حمای وبائی ہوئی
اور مریض مرگیا یا صحت ہو گئی پس یہ خیال کرنا کہ یہ گلٹی جو آجکل حمیات وبائیہ
مین نکلتی ہی یہ فقط علامت بحران انتقالی کی ہے اور طاعون نہین ہے

یہ بات تو جناب ہی کے سمجھنے کے قابل ہے ہماری سمجھ سے باہر ہے علامات طاعون کے بارہ مین دانہ یا ورم مستدیر دفعتاً خلف اذنین یا بغل یا اور مقامات مین پیدا ہونا حیث قال و ہو خراج یقع غالباً فی المراق السخیفۃ کخلف الاذنین والابط والمغابن فجأۃ (۲) ایسی سوزش کا اُس ورم یا دانہ مین ہونا کہ مریض سمجھے کہ گویا آگ رکھی ہوئی ہے (۳) گرد ورم یا دانہ کے سبزی یا سُرخی یا سیاہی یا زردی کا پایا جانا (۴) اکثر وبا مین ہونا جیسا کہ کہا گیا ہے الطاعون علۃ تحدث فی الزمن الوباء غالباً (۵) غشیان اور قے ہونا (۶) درد شدید کے ساتھ جلد کا پھیل جانا (۷) جلد مین زخم پڑنا اور سیاہ خون اور پیپ خون ملی ہوئی اور زرد آب کا نکلنا کما قال وقد یتقرح سریعا وینبسط مع وجع شدید انما التقرح فلرداءۃ المادۃ ونا ریتہا والانبساط لاجل العفونۃ والوجع لکثرۃ المادۃ الحادۃ المحدۃ ویرشح منہا دم اسود وقیح ومدی (۸) خفقان (۹) حمای وبائی کا اکثر ساتھ ہی ساتھ پایا جانا (۱۰) غشی (۱۱) اختلاط عقل (۱۲) نفس اور نبض کا متواتر ہونا اور بعض نے کچھ علامات اور بھی لکھے ہین مثل اعضا شکنی وخشکی زبان وغیرہ کے۔ اب ارشاد ہو کہ یہ جو گلٹی آجکل نکلتی ہے اسمین علامات مذکورہ پائے جاتے ہین یا نہین گو یہ علامات طاعون وبائی کے ہین اور وہ طاعون کہ جو بطریق بحران انتقالی ہوتا ہے اُسمین اور اسمین باعتبار علامات اور باعتبار حقیقت فی الجملہ فرق ہے۔

جواب الجواب

اور لیجیے حمای محرقہ کا حادہ جدا بلکہ حادہ فی الغایۃ سے ہونیمین بدلیل

قول ولما كانت المحرقة الخ کیونکہ غب لازمہ ساتوین روز حیث قال
والدائمة ربما انقضت الى اسبوع اور دائرہ ساتوین نوبہ مین بدلیل
قول قلمایجاوز سبع نوائب اکثر منقضی ہوجاتی ہے کسیطرح کا آپکو شک
تو نہوگا اب قول صاحب غایۃ کا ملاحظہ کیجیے حیث قال فی حمے الوباء
ولیست ہی قسما آخر من الحمیات بل المحرقة والمطبقة اذا احدثت عن فساد
الهواء سمیت بهذا الاسم ویفرد لها باب لاختبارها لبعض التدابیر وایضاً
ہٰذا لبعض الافاضل لاتفتن ان حمیات الوباء نوع آخر من الحمیات بل
ہی اما طبقة او محرقة لکن اذا احدثت عن الوباء وفساد الهواء سمیت بهذا الاسم
وجرت عادة الاطباء ان یضعوا لها بابا علحدة پس علاوہ اسکے کہ اس قول
سے یہ معلوم ہو کہ حمیات وبائیہ بھی حمیات محرقہ ومطبقہ سے ہین یہ بھی پایا
جاتا ہے کہ حمیات وبائیہ بہ نسبت ان حمیات کے بسبب شدید الردائیۃ
ہونے کے اشد ہین از روے اہتمام کے جو یفرد لها باب لاختبارها
لبعض التدابیر سے مخفی نہین ہے اسواسطے کہ اسمین علاوہ عفونت کے
سمیت بھی موجود ہے اور یہ بھی معلوم ہے کہ منتہی حمیات مطبقہ کی اکثر
چوتھے روز ہوتی ہے کما قال وربما انتهت الى اربعة ایام لان فساد الدم
اعظم خطرا فیکون صیانة الطبیعة عنه واهتمامها بدفعه اکثر سے ظاہر ہے
پس بعد معلوم ہونے اس امر کے یہ فرمانا آپ کا کہ حماى وبائی امراض حادہ
جدا سے نہین ہے کیونکر صحیح ہوسکتا ہے اور مشاہدہ آپکا محض آپکے واسطے
حجت ہے نہ غیر کے لیے (واضح رہے کہ کلام ہمارا بہ نسبت اُن حمیات کے
ہے کہ جنکی نسبت آپ نے حکم انقضا مابین السابع والحادی عشر اور
مابین الرابع عشر اور مابین السابع والعشرین دیا ہے اور اُسکو اپنا

مشاہدہ بیان کیا ہے۔

الجواب

اِس قول مذکورۂ بالا (ولیست ہی قسماً آخر من الحمیات الخ) سے یہ
امر معلوم ہوتا ہے کہ حمای وبائی اور کسی حمی کی قسم نہین ہے بلکہ محرقہ
ومطبقہ سے ہے اور حمیات محرقہ ومطبقہ جس نوع سے ہین اُسی نوع سے
حمای وبائی بھی ہے اور مشہور بین القوم یہ ہے کہ حمی کی تقسیم اولاً تین
قسمون کی طرف ہوئی ہے حمیٰ یومیہ ودقیہ وعفنیہ اور کبھی حمیٰ کی تقسیم
دوسری جہت سے کیجاتی ہے طرف حادہ ومزمنہ کے اور طرف حمے
مرض کے مثل حمیٰ عفنیہ کے اور طرف حمیٰ عرض کے کہ وہ تابع مرض
ہوتی ہے مثل حمیٰ ورم کے اِسیطرح تقسیم حمیٰ کی اور اقسام کیطرف بھی کی
گئی ہے۔اب حمای یوم کو ملاحظہ کیجیے کہ اسکی تین قسمین ہین باعتبار اصناف
ارواح کے یعنے ارواح کی تین قسمین ہین روح حیوانی روح نفسانی
روح طبعی اسیطرح حمای یوم کی بھی تین قسمین ہین حمای یوم حیوانی وطبعی و
نفسانی اور ہر ایک اِن تینون قسمون کے تحت مین کئی کئی قسمین پائی
جاتی ہین مثل حمای غضبی وہمی وفکری وسہری وتعبے وتخمی واستحمامی واستحصا
وغیرہ کی اسیطرح تحت حمای خلطیہ مین بھی بہت سی قسمین حمیٰ کی مندرج ہین
اب یہ امر ملاحظہ فرمائیے کہ جو قسم حمیٰ کی جسکے تحت مین پائی جاتی ہے
وہ ہمیشہ اُسکے تحت مین مندرج ہوگی اُسی خروج کسیطرح نہین کرسکتی
اِس حیثیت سے کہ اُسکی نوع سے ہے اور اگر اپنی نوع سے بہ سبب
کسی امر کے تجاوز کرجائیگی تو پھر تحت مین اُس نوع کے کسیطرح مذکو

نہوسکے گی اور نہ اُس نوع کی قسم کہلائیگی اسی طرح حادہ وہ حمی کہی جاسکتی ہے جو قرینہ المنتہی قصیرۃ المدۃ وذوات خطر ہو اور اُسکی جو جو قسمین ہین وہ اُسی وقت تک اُسکے تحت مین مندرج ہوسکتی ہین کہ جبتک اُنپر تعریف حاد کی صادق آتی ہے مثلاً حادہ جدا وہ ہے کہ جسکی البعد منتہا اسے الرابع ہو جیسا کہ کہا گیا ہے فالامراض الحادۃ جدا ابعد منتہاہا اسے اربعۃ ایام اور جسکی منتہا اس سے قبل ہو وہ حادہ جدا نہین ہے بلکہ حاد فی الغایۃ القصوی ہے اور جس کا انقضا چودہ دن یا بیس دن مین ہو وہ حاد مطلق ہے - کما قال الحادۃ مطلقا لاجدا دہے التی تنقضی فے اربعۃ عشر او عشرین یوماً حاصل امر یہ ہے کہ جو نوع حمی کی جسکے تحت مین مذکور ہے وہ اُسی وقت تک اُسکی قسم کہی جائیگی کہ جب تک وہ اوصاف اُسمین پائے جاتے ہین - اب کلام صاحب غایۃ الفہوم کو ملاحظہ کیجیے وہو ہذا - ولیست ہی قسما آخر الخ - حاصل ترجمہ کل عبارت کا یہ ہے کہ حمای وبائی مثل محرقہ و مطبقہ کے ہے اپنے انقضا مین ونیز اور حالات مین یعنے جس قدر زمانے مین انقضا حمای محرقہ و مطبقہ کا ہوتا ہے اُسی قدر زمانے مین انقضا حمای وبائی کا بھی ہوتا ہے مگر چونکہ اس مین وبائیۃ بھی پائی جاتی ہے اور بعض تدابیر اسکے اُس سے علیحدہ ہین - لہذا اس کو علیحدہ حمای محرقہ و مطبقہ سے ذکر کیا اور اگر آپ کی بنا پر حمای وبائی کو حادہ جدا سے فرض کرین گے تو یہ کہنا صاحب غایۃ الفہوم کا (ولیست ہی قسما آخر من الحمیات الخ) صحیح ہوگا یا نہین اور یہ حمی انوع محرقہ و مطبقہ سے رہیگی یا نہین - اگر حمای وبائی بہ سبب علاقہ سمیت کے حادہ جدا سے ہو جاتی تو صاحب غایۃ الفہوم یہ کیون کہتا - ہان شاید

یہ بات صاحب غایۃ الفہوم کے ذہن مین نہ آئی ہو اور اِس مضمون لطیف کا فیضان آپ ہی کے واسطے مختص ہو۔ لائق غور تو یہ امر ہے کہ شیخ نے تو حمیات قانون مین حمای محترقہ کو حاد مطلق سے شمار کیا ہو کما قال والغب الخالصۃ والمحترقۃ حادۃ لا جدا (حاد لا جدا سے مراد حاد مطلق ہے کما قال الشراح) اور آپ تحریر فرماتے ہین کہ حمای محترقہ حادہ جدا بلکہ حاد فی الغایۃ سے ہے یہ تو آپ کے اور شیخ کے قول مین تناقض لازم آتا ہے اور یہ جو آپ نے تحریر فرمایا ہے کہ منتہیٰ حمیات مطبقہ کی اکثر چوتھے روز ہوتی ہے تو یہ ضروری نہین ہے کیونکہ حکیم شریف خان نے وکثیرا مایکون بحرانہا فی الرابع کی شرح مین لکھدیا ہے۔ چون قوت قوی باشد و خون قلیل ولطیف بود۔ پس جس قدر کہ خون کثیر اور غلیظ ہوگا اور قوت بمقابل اُس کے ضعیف ہوگی اُسی قدر منتہیٰ اِس کی طویل ہوگی اسی سبب سے بعض افاضل نے لکھدیا ہے کہ حمیٰ مطبقہ کا انقضا چودہ دن اور بیس دن تک مین ہوتا ہے فتدبر۔

جواب الجواب

اسمین کلام نہین کہ لولا تقاضی القوہ لکان الا وجب ان یلطف الغذاء ابلغ تلطیف سے حکم بشرط متقاضی نہونے یعنے ضعیف وسست نہونے قوت کے عام اِس سے کہ کوئی مرض ہو ترک غذا کا پایا جاتا ہی مگر اسکے ساتھ یہ بھی ہے کہ ایسی تلطیف کی قوت متحمل اگرچہ قوی بھی ہو

ہو نہین سکتی جو (لکن القوۃ لاتحتمل ذلک وتخور) سے ہویدا ہے اور بعد ضعیف ہو جانے قوت کے امید نفع کی علاج سے نہین کیونکہ اصل مین معالج قوت ہے جسپر (اذا خارت لم ینفع علاج الخ) دال ہے۔

الجواب

یہ قول یعنے لولا تقاضی القوۃ الخ اسکی شرح صاحب غایۃ الفہوم نے یون کی ہے لولا تقاضی القوۃ الغذاء لحفظہا وبقائہا فکان الاوجب ان یلطف الغذاء ابلغ تلطیف لان اشتغال الطبیعۃ بجملتہا الی المرض یستاصل مادۃ فی اسرع زمان وصرفنا عن ذلک الشغل مما یحیرہا ویعین عدوہا وتجعلہا مغلوبۃ لکن القوۃ لاتحتمل ذلک التلطیف وتخور واذا خارت لم ینفع علاج ترک غذا کے فوائد عبارت شرح سے کسی طرح پوشیدہ نہین اور ترک غذا کے متعلق اس قول مین شیخ نے کسقدر تاکید سے کہا ہے (الاوجب ان یلطف الغذاء ابلغ تلطیف) پس لفظ اوجب ملاحظہ کیجیے کیسی تاکید کرتا ہے ترک غذا کی اس عبارت (لکن القوۃ الخ) کی شرح جو آپ نے تحریر فرمائی کہ ایسی تلطیف کی قوت تحمل اگرچہ قوی بھی ہو ہو نہین سکتی محض غلط ہے کیونکہ اگر یہ مان لیا جائے تو لکان الاوجب الخ سے جو حکم کیا گیا ہے بنا بر اُسکے تکلیف مالایطاق قرار پائیگا اور ایسے امر کا حکم کرنا کہ جو ممکن نہو درانحالیکہ جانتا بھی ہو کہ یہ ممکن نہین بھلا کس کام کا ہے علاوہ ازین خود شیخ کے اقوال سے یہ مخالف ہے مثلاً وہ قول جو مابعد اِسکے مذکور ہے کسقدر صراحتاً ترک غذا کا حکم دیتا ہے فیجب ان تنظر فانکانت العلۃ حادۃ جدا وذلک

اینکون منتہاہا قریبا الخ گو یہ قول حادہ جدا کے متعلق ہے اور قول مذکورہ بالا مطلق ہے جسکے آپ خود قائل ہین اور مقید ازبسکہ مطلق مین داخل ہوتا ہے اس بناپر اس قول کو ذکر کیا لکن القوۃ لاتحتمل الخ اگر مطلق یہ بتارہا ہے کہ تلطیف بالغ کی قوت متحمل نہین ہوسکتی تو حادہ جدا مین بھی یہ قول ترک غذا سے منع کریگا اسلیے کہ یہ قول مطلق ہے اور جبکا کہ انتفا مطلق سے ہوجاتا ہے تو اُسکا انتفا مقید سے بدرجہ اولی ہوتا ہے جناب سید صاحب ملاحظہ فرمائیے (لولا تقاضی القوۃ الخ) یہ قول متعلق قوت قوت کے ہے جسکو لفظ لولا تقاضی القوۃ بتارہا ہے لکن القوہ لاتحتمل ذلک متعلق ضعف قوت کے ہے یعنے لکن القوۃ الضعیف لاتحتمل ذلک پس مجموع عبارت کا مطلب یہ ہے کہ اگر قوت واسطے اپنے حفظ و بقا کے طالب غذا نہو تو ترک غذا کیا جائے مگر قوت ضعیف تلطیف بالغ کی متحمل نہین ہوسکتی اور سُست ہوجاتی ہے اور جب قوت ضعیف ہوجائے گی تو علاج فائدہ نہ دیگا۔ یہ مطلب جو اس عبارت کا مین نے بیان کیا کہ اگر قوت قوی ہو تو تلطیف بالغ کرین اور اگر قوت قوی نہو تو نہ کرین یہ خود شیخ کے قول سے ثابت ہے وہو ہذا فان وجدتہا ای القوۃ۔ مقاومۃ صابرۃ قطعت السبب و دبرت الخلط وقطعت الغذاء الخ یہ سابقا بھی مین عرض کرچکا ہون کہ کلام ہمارا قوت قوت کی حالت مین ہے۔

جواب الجواب

پس بعد جاننے اس امر کے اب یہ ملاحظہ کرنا چاہیے کہ اجرا اس

قاعدے کا کس مرض مین ہو سکتا ہے۔ یہ امر ظاہر ہے کہ تلطیف بالغ
حمیات مزمنہ مین نہین کیجا سکتی جو (علے ان کثیرا من المزمنۃ غیر الحمیات
یحللھا التدبیر اللطیف) سے ظاہر ہے مگر زبان منتہے مین جسپر (و اخر
تدبیرک المعافی اللطف) دال ہے پس معلوم ہوا کہ تحت مین اس قاعدے
کے اگر ہین تو امراض حادہ اور چونکہ امراض حادہ کی چند قسمین ہین پس
ضرورت اسمین بھی واعی طرف اس امر کے ہوئی کہ دیکھین کونسی قسم
امراض حادہ سے ایسی ہے جسمین اجرا اس قاعدے کا ہو سکتا ہے
بعد ملاحظہ معلوم ہوا کہ کوئی قسم انسے ایسی نہین کہ جسمین تلطیف بالغ کا
حکم ہو مگر حادے فے الغایۃ القصوی یا وہ کہ جسکے ابعد منتہی الی اربعۃ ایام ہو
بشرط قوت اور عدم خوف سقوط اور توضیحا کہ آیا مقام اس قاعدے کے
اجرا کا کون ہے و تمثیلاً تا کہ جہال اطبا دھوکا نہ کھائین اور ضلالت و گمراہی
مین گرفتار نہون اور تحت دعا، جالینوس سے باہر آئین (حیث قال
کثر اللہ بہم عدد المقابر) جو (اذ التصورت ہذا) سے ظاہر ہے (فیجب ان
تنظر) سے تفسیر اسکی کی پس جسطرح کہ استدلال اس قاعدے سے
او پرنہ دینے غذا کے امراض احادہ سفے الغایۃ القصوی اور اسمین کہ
جسکے ابعد منتہی الی اربعۃ ایام) ہے اور شیخ نے اسکو حادہ جدا کہا ہی بدلیل
قول (و المنتہی تختلف فی الامراض فالامراض الحادۃ جدا ابعد منتہاہا
الی اربعۃ ایام) کیا جا سکتا ہے اسی طرح اس قاعدے سے حکم غذا دینے
کا پایا جاتا ہے وقت ضعیف و سست ہونے یا خوف سقوط قوت کے
اگرچہ قوی بھی ہو جو (لولا تقاضی القوۃ او رحدست ان القوۃ لا تحوز اور
اس قول سے جو حمای محرقہ مین کہا گیا ہے۔ (لکنہا تحتاج الی تلطیف اشد)

(لان المرض احد والبحران اقرب والمنتہیٰ اسرع) وہذا اذا کانت القوۃ مساعدۃ الی المنتہیٰ (فتشتغل بدفع المرض لابہضم الغذاء) واذا خفت سقوط القوۃ فلا بدمن تغذیہ وان لم یشتہوہا سے پوشیدہ نہین ہے پس تحت سے اس قاعدے کے بعض حمیات یومیہ اور حمیات وبائیہ اور حمای غشیہ خلطیہ اور وہ حمیٰ جو مادہ صفراویہ رویہ رقیقہ رویۃ الجواہر سمیۃ سے ہوتے ہین نکل جائینگے اور یہ قاعدہ بھی تحت مین اُسی قاعدے کے ہے جسکا ذکر شیخ نے کلیات مین اسطرحسے کیا ہے حیث قال (واکثر ما یتکلف فی تقلیل الغذاء ومنعہ ہو فی اعلاج الامراض الحادۃ) پس اس قاعدے کے ملاحظہ سے معلوم ہوا کہ اگر ممانعت غذا سولے اُن حمیات کے جنمین حکم غذا دینے کا ہی کیجا سکتی ہے تو چار روز تک نہ دس دس اور انتہا یہ کہ بیس بیس روز بلکہ اس سے بھی زائد کہ جسکے جواب مین جناب مرزا صاحب فرماتے ہین (لہذا حمای وبائی مین جس زمانے تک طبیب حاذق مناسب سمجھے ترک غذا کرے اور اگر جناب مرزا صاحب یہ فرمائین کہ مراد ہمارے اس قول سے یہی چار روز ہین تو تحریر جواب استفسار عبث کیونکہ مقصود استفسار اُس قاعدے کا ہے جسسے اس زمانے تک ممانعت غذا کی پائی جائے جیسا کہ فی زماننا کیجاتی ہے اب رہا یہ امر کہ تخفیف شغل سے مراد تقلیل غذا نہین (الی قول) پس مراد اس سے یہ ہوئی کہ غذا نہ دے) یہ فرمانا آپ کا اُسوقت صحیح ہوتا جبکہ غذا متصف بکثیر یا کثیف نہ ہوتی علی اختلاف النسخ اور بعد اتصاف ممانعت غذاء قلیل یا لطیف نہین پائی جاتی اور تلطیف بالغ تلطیف تدبیر نہین ہے جیسا کہ شرح ان یلطف جداسے جو بان تقلیل سے کی گئی ہے ظاہر ہے۔

الجواب

یہ فرمانا آپ کا کہ منع غذا کی ضرورت سوائے حادہ جدا یا حادۃ فی الغایۃ القصوی کے اور کسی مین نہین ہوتی تخصیص بلا مخصص ہے اور اگر یہ فرض بھی کرلیا جائے تو وہ قواعد کلی جنمین بلا قید کسی مرض کے حکم ترک غذا دیا گیا ہے۔ (مثلاً یہ قول واعلم انہ لولا تقاضی القوۃ الخ اور واکثر ما تیکلف فی تقلیل الغذاء ومنعہ الخ) کلی باقی نرہین گے کیونکہ کلی کو چاہیے کہ اپنے تمام جزئیات پر منطبق ہو اور اگر یہ نہوتا تو ہر آئنہ قواعد کلیہ کا ذکر کرنا بیکار ہوجاتا بلکہ یہ قواعد کلیۃ اسی غرض سے ذکر کیے گئے ہین کہ جسوقت مرض حاد کی کسی نوع مین ضرورت ترک غذا کی ہو اور کوئی مانع نہو ترک غذا کرائین علاوہ ازین جن اقسام امراض حادہ مین حکم غذا دیا بھی گیا ہے تو اُسی وقت مین کہ جب کوئی مانع نہو کما قال الا ان تعرض اسباب تمنع عن ذلک مما تذکر فی الکتب الجزئیۃ (وہی کنفرۃ تکون للمریض فی اوائل الحمیات او امتلاء او تخمۃ فیمنع الغذاء) پس اب فرمائیے کہ حمائی وبائی مین امتلا ہوتا ہے یا نہین اِس امر کو مین قبل ہی ثابت کرچکا ہون یہان پھر اسکا ذکر بیکار ہے لہذا اس مقام پر اتنا کہدینا کافی ہے کہ جب تک امتلا ہو اور طبیب سمجھے کہ امتلا ہے غذا نہ دے اور یہ جو مین نے لکھا تھا کہ طبیب جس زمانے تک مناسب سمجھے ترک غذا کرائے ــ اُس سے مراد وہی زمانہ ہے کہ جس زمانے تک امتلا باقی رہے جیسا کہ ابتدائے کلام مین عرض کرچکا ہون اور جناب کا یہ خیال کہ فی زماننا تلطیف بلیغ دس دس اور بیس بیس روز اور اِس سے بھی زائد کی جاتی ہے محض غلط ہے بلکہ زمانۂ منتہی کے بعد تلطیف بلیغ نہین کی جاتی۔

جواب الجواب

طعام لغة گیہون اور مایوکل کو کہتے ہین کما فی القاموس الطعام البر و ما
مایوکل وفی بحر الجواہر الطعام بالفتح اسم لمایوکل کالشراب اسم لمایشرب
اور ماکول اُس چیز کو کہتے ہین کہ جس کا بلع بمضغ ہو کما فی مجمع البیان الاکل
